SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۹۲
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1992
زمین طلبی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۲
THE LAND ACQUISITION (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1992
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement
۲۔ ۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم
Amendment of Section 18 of Act X of 1894
۳۔ ۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۲۰ کی ترمیم
Amendment of Section 20 of Act X of 1894
۴۔ ۱۸۹۴کے ایکٹ X کی دفعہ 22-A کی ترمیم
Amendment of Section 22-A of Act X of 1894
۵۔ ۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۳۱ کی ترمیم
Amendment of Section 31 of Act X of 1894
۶۔ ۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۵۰ کی ترمیم
Amendment of Section 50 of Act X of 1894

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۹۲
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1992
زمین طلبی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۲
THE LAND ACQUISITION (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1992

[۱۵ جولائی ۱۹۹۲]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبے میں نافذ کرنے

کے لیئے زمین طلبی ایکٹ، ۱۸۹۴ میں ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں لاگو کرنے کے لیئے زمین طلبی ایکٹ، ۱۸۹۴ میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو زمین طلبی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۲ کہا جائیگا۔

(۲) یہ فوری نافذ العمل ہوگا۔

۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم
Amendment of Section 18 of Act X of 1894

۲۔ سندھ صوبے میں لاگو کرنے کے لیئے زمین طلبی ایکٹ، ۱۸۹۴ میں جس کو اس کے بعد مندرجہ ذیل ایکٹ کہا جائیگا، اس کی دفعہ ۱۸ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ''صوبائی حکومت'' کے لیئے لفظ اور ''کامائوں '' وفاقی حکومت، صوبائی حکومت، کمپنی یا لوکل اتھارٹی ، جیسے معاملہ ہو'' متبادل بنایا جائیگا۔

۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۲۰ کی ترمیم
Amendment of Section 20 of Act X of 1894

۳۔ مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۲۰ کی شق (c) الفاظ ''اور حکومت کا محکمہ '' کے لیئے لفظ اور کاما ''وفاقی حکومت، صوبائی حکومت'' متبادل بنائے جائیں گے۔

۱۸۹۴کے ایکٹ X کی دفعہ 22-A کی ترمیم
Amendment of Section 22-A of Act X of 1894

۴۔ مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ 22-A میں الفاظ اور

کاما‘‘صوبائی حکومت’’ کے لیئے لفظ‘‘وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت’’متبادل بنائے جائینگے۔

۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۳۱ کی ترمیم
Amendment of Section 31 of Act X of 1894

۵۔ مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۳۱ کی ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ ’’صوبائی حکومت‘‘ جہاں بھی آئے ‘‘،لفظ اور کاما ’’وفاقی حکومتی یا صوبائی حکومت‘‘ جیسا معاملہ ہو، متبادل بنائے جائینگے۔

۱۸۹۴ کے ایکٹ X کی دفعہ ۵۰ کی ترمیم
Amendment of Section 50 of Act X of 1894

۶۔ مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۵۰ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، کولن کو فل اسٹاپ کیا جائیگا اور شرطیہ بیان کو ختم کیا جائیگا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جس کو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔